© rasailojaraid.com

قیمت   سولہ روپے

ملنے کا پتہ   ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

شیخ سعدیؒ کا شمار امت مسلمہ کے ممتاز مصلحین میں ہوتا ہے جن کے ادبی و اصلاحی جواہر پارے فارسی سے دوسری زبانوں میں ترجمہ ہو کر عالمی ادب کا حصہ بن چکے ہیں، بالخصوص گلستان بوستان اور کریما ادب و اخلاق کے ایک لازوال سرچشمہ کی حیثیت سے آج بھی نسلِ انسانی کے ایک قابلِ ذکر حصہ کی تعلیم و اصلاح کا ذریعہ ہیں۔

حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی مدظلہ العالی نے گلستان بوستان کلیات سعدیؒ اور شیخ سعدیؒ کی دیگر تصنیفات میں سے ایک مختصر اور حسین انتخاب زیرِ نظر کتابچہ کی صورت میں پیش فرمایا ہے جو بلاشبہ اصحاب ذوق کے لیے قابلِ قدر تحفہ ہے۔

## ماہنامہ راہ نمائے صحت فیصل آباد

خصوصی نمبر

مدیر اعلیٰ   حکیم عبدالرحیم اشرف

صفحات   ۲۲۶

قیمت   ۲۰/- روپے

زیر اہتمام   اشرف لیبارٹریز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

۶ کلومیٹر سرگودھا روڈ فیصل آباد

مولانا حکیم عبدالرحیم اشرف ایک مخلص اور درد دل سے بہرہ ور دینی راہنما ہونے کے علاوہ ممتاز طبیب بھی ہیں اور طبی برادری میں انہیں ایک بزرگ راہنما کی حیثیت حاصل ہے ان کی قائم کردہ اشرف لیبارٹریز ملک کے معروف دواساز اداروں میں شمار ہوتی ہے اور ماہنامہ راہ نمائے صحت فیصل آباد محترم حکیم صاحب موصوف کی زیر ادارت طب اسلامی کی خدمت و ترجمانی کے مشن میں مصروف ہے۔

زیر نظر شمارہ خصوصی نمبر ہے جو ملک کے ممتاز اطباء حکیم عبدالمالک مجاہدؒ، حکیم فضل الٰہیؒ اور حکیم مظفر احسنؒ کی خدمات اور طبی کارناموں کے تعارف و تذکرہ کے لیے شائع کیا گیا ہے اور اس میں ان تینوں بزرگوں کے بارے میں معلوماتی مضامین شامل ہیں۔

## حی علی الفلاح

از   مولانا محمد فیاض خان سواتی

صفحات   ۱۰۰   قیمت ۱۲/- روپے

کتابت و طباعت معیاری

ملنے کا پتہ   ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی مہتمم مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ نے "نماز مسنون" کے نام سے مسائل نماز پر ایک ضخیم کتاب تصنیف فرمائی جس میں نماز سے متعلق کم و بیش تمام مسائل و احکام ترتیب کے ساتھ بیان کرنے کے علاوہ اختلافی مسائل پر احناف کے دلائل ثبت اور علمی انداز میں ذکر کر دیے۔ اس مثبت اور اصلاحی انداز کو ملک بھر میں سراہا گیا اور "نماز مسنون" کو علماء اور دیگر تعلیم یافتہ حلقوں میں پسند کیا گیا۔

گوجرانوالہ کے ایک اہلحدیث عالم خواجہ محمد قاسم صاحب نے جو مناقشانہ مزاج اور مناظرانہ بحثوں میں خاصی شہرت رکھتے ہیں "حی علی الصلوٰۃ" کے نام سے ایک کتابچہ میں "نماز مسنون" کے مختلف دلائل کو رد کرنے کی کوشش کی جس پر حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی مدظلہ کے فرزند برادرم مولانا حافظ محمد فیاض خان سواتی مدرس مدرسہ نصرۃ العلوم نے زیر نظر رسالہ میں تعاقب کیا ہے اور دلائل کے ساتھ واضح کیا ہے کہ حضرت صوفی صاحب کے بیان کردہ دلائل درست ہیں اور خواجہ صاحب موصوف کے اعتراضات کی حیثیت کج بحثی کے سوا کچھ نہیں

© rasailojaraid.com